## نیپرا کے۔ الیکٹرک ٹیرف پر حکومتی درخواست کی عوامی سماعت کرے گا

کراچی، 13دسمبر 2023: نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) مالی سال 23کی دوسری اور تیسری سہ ماہی کے لیے کواٹرلی ٹیرف ایڈجسٹمنٹ (کیو ٹی اے) کی درخواست پر عوامی سماعت کرے گا۔ وزارت توانائی نے کے۔ الیکٹرک کے لیے کیو ٹی اے میں بالترتیب 0.4689 روپے فی یونٹ اور 1.2489 روپے فی یونٹ اضافے کی درخواست کی ہے۔ وفاقی حکومت کی جاری کردہ پالیسی گائیڈ لائنز اور یکساں ٹیرف پالیسی کے تحت نیپرا درخواست پر 20 دسمبر 2023 کو سماعت کرے گا۔ یہ چارجز XWDISCOS پر پہلے ہی لاگو کیے جاچکے ہیں۔

نیپرا درخواست کی جانچ پڑتال کے بعد صارفین کو منتقل کی جانے والی رقم کا حتمی فیصلہ کرے گا۔ ملک بھر میں تقسیم کار کمپنیاں ریگولیٹڈ نظام کے تحت کام کرتی ہیں اور صارفین سے اُن کے ماہانہ بلوں کے ذریعے وصول کیے جانے والے اخراجات کے حوالے سے نیپرا اور حکومت پاکستان کی ہدایات پر عمل کرتی ہیں۔ انفرادی تقسیم کار کمپنیاں اس عمل کا حصہ نہیں ہوتیں اور نہ وہ یکطرفہ تبدیلیاں کرسکتی ہیں۔

### کے الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے، جس کا قیام پاکستان بننے سے قبل 1913 میں کے ای ایس سی کے طور پر عمل میں آیا۔ 2005 میں کمپنی کی نجکاری کی گئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں اور کے ای ایس پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد احصص ہیں۔